## سوال

(25) اگر قرآن شریف کو پڑھ کر فوت شدگان کو بخش دیا جائے

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قرآن مجید کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔ اگر قرآن شریف کو پڑھ کر فوت شدگان کو بخش دیا جائے تو پھر پڑھنے والے کے پاس بھی نیکیاں رہ جاتی ہیں یا نہیں اور اگر ایک پارہ پڑھ کر 8 متوفیان کو بخشا جائے تو انکو حصہ پرتی ثواب ملے گا۔ اور کیا متوفیان جن کو پڑھ کر ثواب بخشا گیا ہے تو وہ بھی پڑھنے والے کے حق میں دعا کرتے ہیں یا نہیں۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محدثین قرآن خوانی کا ثواب نہیں مانتے حنفیہ مانتے ہیں اس کی تقسیم جیسے خدا چاہے ہو جاتی ہے۔ یہ کام ہمارا نہیں اس لئے محدثین کہتے ہیں کہ قرآن پڑھ کر یا نفل پڑھ کر حمد وصلواۃ کے ساتھ میت یا میتوں کے لئے دعا مغفرت کرے تو اچھا ہے۔ (اخبار اہل حدیث امر تسر جلد نمبر 33 شمارہ نمبر 7)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 11 ص 120**